Assistant Professor (College Edu. Deptt.) Exam-2025
Exam Date :- 12/12/2025

912261

| | |
|---|---|
| पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या | : 24 |
| Number of Pages in Booklet | : 24 |
| पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या | : 150 |
| No. of Questions in Booklet | : 150 |

# CAP-25

**इस प्रश्न-पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए। Do not open this Question Booklet until you are asked to do so.**

प्रश्न-पुस्तिका संख्या व बारकोड / Question Booklet No. & Barcode

**Paper Code : 18**

**Paper – II**
**Sub : Urdu-II**

**समय : 03:00 घण्टे + 10 मिनट अतिरिक्त***
**Time : 03:00 Hours + 10 Minutes Extra***

**अधिकतम अंक : 75**
**Maximum Marks : 75**

**प्रश्न-पुस्तिका के पेपर की सील/पॉलिथीन बैग को खोलने पर प्रश्न-पत्र हल करने से पूर्व परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि :**
- **प्रश्न-पुस्तिका संख्या तथा ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर अंकित बारकोड संख्या समान हैं।**
- **प्रश्न-पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक के सभी पृष्ठ व सभी प्रश्न सही मुद्रित हैं। समस्त प्रश्न, जैसा कि ऊपर वर्णित है, उपलब्ध हैं तथा कोई भी पृष्ठ कम नहीं है/ मुद्रण त्रुटि नहीं है।**

**किसी भी प्रकार की विसंगति या दोषपूर्ण होने पर परीक्षार्थी वीक्षक से दूसरा प्रश्न-पत्र प्राप्त कर लें। यह सुनिश्चित करने की जिम्मेदारी अभ्यर्थी की होगी। परीक्षा प्रारम्भ होने के 5 मिनट पश्चात् ऐसे किसी दावे/आपत्ति पर कोई विचार नहीं किया जायेगा।**

**On opening the paper seal/polythene bag of the Question Booklet before attempting the question paper, the candidate should ensure that :**
- **Question Booklet Number and Barcode Number of OMR Answer Sheet are same.**
- **All pages & Questions of Question Booklet and OMR Answer Sheet are properly printed. All questions as mentioned above are available and no page is missing/misprinted.**

**If there is any discrepancy/defect, candidate must obtain another Question Booklet from Invigilator. Candidate himself shall be responsible for ensuring this. No claim/objection in this regard will be entertained after five minutes of start of examination.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. **प्रत्येक प्रश्न के लिये एक विकल्प भरना अनिवार्य है।**
2. **सभी** प्रश्नों के अंक समान हैं।
3. प्रत्येक प्रश्न का मात्र **एक** ही उत्तर दीजिए। एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा।
4. **OMR** उत्तर-पत्रक इस प्रश्न-पुस्तिका के अन्दर रखा है। जब आपको प्रश्न-पुस्तिका खोलने को कहा जाए, तो उत्तर-पत्रक निकाल कर ध्यान से केवल **नीले बॉल पॉइंट पेन** से विवरण भरें।
5. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर सावधानीपूर्वक सही भरें। गलत रोल नम्बर भरने पर परीक्षार्थी स्वयं उत्तरदायी होगा।
6. **ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक में करेक्शन पेन/व्हाईटनर/सफेदा का उपयोग निषिद्ध है।**
7. **प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा।** गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है।
8. **प्रत्येक प्रश्न के पांच विकल्प दिये गये हैं, जिन्हें क्रमश: 1, 2, 3, 4, 5 अंकित किया गया है। अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले (बबल) को उत्तर-पत्रक पर नीले बॉल पॉइंट पेन से गहरा करना है।**
9. **यदि आप प्रश्न का उत्तर नहीं देना चाहते हैं तो उत्तर-पत्रक में पांचवें (5) विकल्प को गहरा करें। यदि पांच में से कोई भी गोला गहरा नहीं किया जाता है, तो ऐसे प्रश्न के लिये प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा।**
10.* **प्रश्न-पत्र हल करने के उपरांत अभ्यर्थी अनिवार्य रूप से ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक जाँच लें कि समस्त प्रश्नों के लिये एक विकल्प (गोला) भर दिया गया है। इसके लिये ही निर्धारित समय से 10 मिनट का अतिरिक्त समय दिया गया है।**
11. **यदि अभ्यर्थी 10% से अधिक प्रश्नों में पांच विकल्पों में से कोई भी विकल्प अंकित नहीं करता है तो उसको अयोग्य माना जायेगा।**
12. **मोबाइल फोन अथवा अन्य किसी इलेक्ट्रोनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित है। यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी।**

**चेतावनी :** अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराते हुए **राजस्थान सार्वजनिक परीक्षा (भर्ती में अनुचित साधनों की रोकथाम अध्युपाय) अधिनियम, 2022 तथा अन्य प्रभावी कानून एवं आयोग के नियमों-प्रावधानों** के तहत कार्यवाही की जाएगी। साथ ही आयोग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली आयोग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है।

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. **It is mandatory to fill one option for each question.**
2. **All** questions carry equal marks.
3. Only **one** answer is to be given for each question. If more than **one** answers are marked, it would be treated as wrong answer.
4. The **OMR** Answer Sheet is inside this Question Booklet. When you are directed to open the Question Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars carefully with **Blue Ball Point Pen** only.
5. Please correctly fill your Roll Number in **OMR** Answer Sheet. Candidates will themselves be responsible for filling wrong Roll No.
6. **Use of Correction Pen/Whitener in the OMR Answer Sheet is strictly forbidden.**
7. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question.
8. **Each question has five options marked as 1, 2, 3, 4, 5. You have to darken only one circle (bubble) indicating the correct answer on the Answer Sheet using BLUE BALL POINT PEN.**
9. **If you are not attempting a question then you have to darken the circle '5'. If none of the five circles is darkened, one third (1/3) part of the marks of question shall be deducted.**
10.* **After solving question paper, candidate must ascertain that he/she has darkened one of the circles (bubbles) for each of the questions. Extra time of 10 minutes beyond scheduled time, is provided for this.**
11. **A candidate who has not darkened any of the five circles in more than 10% questions shall be disqualified.**
12. **Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt with as per rules.**

**Warning :** If a candidate is found copying or if any unauthorized material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would be liable to be prosecuted under **Rajasthan Public Examination (Measures for Prevention of Unfair means in Recruitment) Act, 2022 & any other laws applicable and Commission's Rules-Regulations.** Commission may also debar him/her permanently from all future examinations.

**उत्तर-पत्रक में दो प्रतियाँ हैं – मूल प्रति और कार्बन प्रति। परीक्षा समाप्ति पर परीक्षा कक्ष छोड़ने से पूर्व परीक्षार्थी उत्तर-पत्रक की दोनों प्रतियाँ वीक्षक को सौंपेंगे, परीक्षार्थी स्वयं कार्बन प्रति अलग नहीं करें। वीक्षक उत्तर-पत्रक की मूल प्रति को अपने पास जमा कर, कार्बन प्रति को मूल प्रति से कट लाइन से मोड़ कर सावधानीपूर्वक अलग कर परीक्षार्थी को सौंपेंगे, जिसे परीक्षार्थी अपने साथ ले जायेंगे। परीक्षार्थी को उत्तर-पत्रक की कार्बन प्रति चयन प्रक्रिया पूर्ण होने तक सुरक्षित रखनी होगी एवं आयोग द्वारा माँगे जाने पर प्रस्तुत करनी होगी।**

1. باغ و بہار کے متعلق درج ذیل رائے کس محقق ونقاد کی ہے ؟ نشاندہی کیجئے۔ "میر امن نے حقیقت میں ٹھیٹھ "ہندوستانی" زبان کا استعمال کیا ہے اور اس نے اس کو بہت خوبصورت اور ہر دل عزیز بنا دیا ہے۔ ترجمہ ہوتے ہوئے بھی یہ خود میر امن کی تصنیف معلوم ہوتی ہے"۔

(1) رشید حسن خاں (2) احتشام حسین

(3) محمود شیرانی (4) سید سلیمان ندوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

2. فورٹ ولیم کالج سے وابستہ مصنفین کے درست زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(1) میر شیر علی افسوس، مرزا علی لطف، کاظم علی جواں، مولوی اکرام علی

(2) میر امن، حیدر بخش حیدری، رجب علی بیگ سرور، مرزا علی لطف

(3) میر امن، میر شیر علی افسوس، ماسٹر پیارے لال، شیخ حفیظ الدین

(4) حیدر بخش حیدری، میر شیر علی افسوس، مرزا علی لطف، میر انیس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

3. عالمی ادب میں انشائیہ کا موجد کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟

(1) فیلڈنگ (2) مارک گپسن

(3) مانتین (4) راجہ میکس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

4. 'بیتال پچیسی' کی کہانی کس میتھالوجی پر مبنی ہے؟

(1) یونانی (2) ایرانی

(3) ہندو (4) عربی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

5. جان گلکرسٹ کا پورا نام کیا تھا؟

(1) جان ویکس گل کرسٹ

(2) جان میکس گل کرسٹ

(3) سور بک گل کرسٹ

(4) جان بور تھوک گل کرسٹ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

6. میر شیر علی افسوس کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(1) آگرہ (2) دہلی

(3) بنارس (4) کلکتہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

7. فورٹ ولیم کالج میں تصنیف کردہ کتابوں کے درست زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(1) تذکرہ گلشن ہند، ہفت گلشن، چار گلشن، کلیات گلشن

(2) تذکرہ گلشن ہند، چار گلشن، کلیات گلشن، گلشن بے خار

(3) کلیات گلشن، چار گلشن، گلشن بے خار، گلزار دانش

(4) ہفت گلشن، چار گلشن، کلیات گلشن، گلشن آرزو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

8. "بندر کی تقریر" کس داستان میں شامل ہے؟

(1) آرائش محفل (2) فسانۂ عجائب

(3) باغ و بہار (4) رانی کیتکی کی کہانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

9. 'سنگھاسن بتیسی' کس کی تصنیف ہے؟

(1) مظہر علی خاں ولا

(2) للّو لال

(3) شیر علی افسوس

(4) خلیل علی خاں اشک

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

10. مظہر علی خان ولا کا اصل نام کیا تھا؟

(1) مرزا عظیم (2) مرزا جعفر

(3) مرزا سلیمان علی (4) مرزا لطف علی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

11. 'شہزادہ جان عالم' کس داستان کا کردار ہے؟

(1) سب رس (2) داستان امیر حمزہ

(3) آرائش محفل (4) فسانۂ عجائب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

12. ذیل میں سے کس نے شمس الدین فقیر کی فارسی تصنیف 'حدائق البلاغت' کا اردو میں ترجمہ کیا؟

(1) مولوی مملوک علی (2) ماسٹر رام چندر

(3) امام بخش صہبائی (4) مولوی سبحان بخش

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

13. 'قواعدِ اردو مسمی بہ چشمِ فیض' ذیل میں سے کس کی تصنیف ہے؟

(1) پنڈت رام کشن دہلوی

(2) ماسٹر پیارے لال

(3) ماسٹر وزیر علی

(4) مولوی احمد علی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

14. رسالہ 'محب ہند' کس نے جاری کیا تھا؟

(1) مولوی سبحان بخش

(2) مولوی مملوک علی

(3) ماسٹر رام چند لاہوری

(4) ماسٹر پیارے لال

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

15. ذیل میں سے کون دہلی کالج کے طلبہ میں شامل تھے؟

(1) مولوی ذکاء اللہ (2) سیر سید احمد خاں

(3) مرزا غالب (4) شیخ محمد ابراہیم ذوق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

16. 'طبقاتِ شعرائے ہند' کس کی تصنیف ہے؟

(1) مولوی کریم الدین (2) امام بخش صہبائی

(3) مولوی ذکاءاللہ (4) محمد حسین آزاد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

17. ڈاکٹر اشپرنگر کا تعلق کس ادارے سے تھا؟

(1) مدرسۃ العلوم علی گڑھ

(2) فورٹ ولیم کالج

(3) دلی کالج

(4) دارالترجمہ عثمانیہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

18. مولوی امام بخش صہبائی دلی کالج میں کس شعبے کے صدر اور استاد تھے؟

(1) عربی (2) فارسی

(3) اردو (4) انگریزی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

19. ماسٹر رام چندر دلی کالج میں کس مضمون کے استاد تھے؟

(1) اردو (2) انگریزی

(3) سماجی علوم (4) سائنس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

20. ''فقیر اسداللہ خاں غالب کہتا ہے کہ جو ______ کی مفارقت کا غم واندوہ ہوا ہے وہ میرا جی جانتا ہے۔ بس اب میں نے جانا کہ میرا دلی میں کوئی نہیں''۔

درج بالا جملہ دہلی سوسائٹی کے ذریعے پیش کردہ سپاس نامے میں کس کے لیے لکھا گیا تھا؟ خالی جگہ پر صحیح نام کی نشاندہی کیجئے۔

(1) بابو پیارے لال (2) ایف بتروس

(3) ایڈمنڈ ولمنٹ (4) ماسٹر رام چندر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

21. سرسید نے سائنٹفک سوسائٹی کس شہر میں قائم کی؟

(1) غازی پور (2) علی گڑھ

(3) مرادآباد (4) بنارس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

22. 'محاورات ہند' دلی کالج کے کس استاد کی تصنیف ہے؟

(1) مولوی سبحان بخش

(2) مولوی امام بخش صہبائی

(3) ماسٹر پیارے لال

(4) بھیروں پرشاد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

23. سرسید نے حالی کی کس تخلیق کو 'فنِ شاعری کی تاریخِ جدید' کہا ہے؟

(1) مثنوی مناظرۂ رحم وانصاف

(2) مناجاتِ بیوہ

(3) مثنوی حبِّ وطن

(4) مسدس مدّو جزر اسلام

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

24. شبلی کی تصنیف 'موازنۂ انیس و دبیر' پہلی بار کب شائع ہوئی؟

(1) 1907ء (2) 1905ء

(3) 1908ء (4) 1903ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

25. ڈپٹی نذیر احمد نے کل کتنے ناول لکھے؟

(1) 6 (2) 7

(3) 5 (4) 4

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

26. 'شعر العجم' کس کی جلد میں شبلی نعمانی نے تخیل اور محاکات سے متعلق بحث کی ہے؟

(1) جلد اوّل (2) جلد دوم

(3) جلد سوم (4) جلد چہارم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

27. مولانا ذکاء اللہ جو علی گڑھ تحریک کے اہم ستون تھے، نے سو سے زیادہ کتابیں لکھیں جن میں سے بیشتر کا تعلق کس موضوع سے تھا؟

(1) مذہبیات سے

(2) سیاسیات سے

(3) تاریخ اور ریاضی سے

(4) مذہبیات اور سیاسیات سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

28. سرسید کی اہم تصنیف "تبیین الکلام" کن آسمانی کتابوں کی تفصیر ہے؟

(1) قرآن اور تورات

(2) زبور اور انجیل

(3) تورات اور زبور

(4) تورات اور انجیل

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

29. ذیل میں سے 'سیرۃ النعمان' کے مصنف کون ہیں؟

(1) الطاف حسین حالی

(2) سرسید احمد خاں

(3) شبلی نعمانی

(4) عبدالحلیم شرر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

30. منشی ذکاء اللہ اور ڈپٹی نذیر احمد کس ادارے کے طالب علم تھے؟

(1) دلی کالج

(2) مدرستہ العلوم

(3) دارالترجمہ عثمانیہ

(4) فورٹ ولیم کالج

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

31. 'غدرِ دہلی کے افسانے' ذیل میں سے کس ادیب کی تصنیف ہے؟

(1) خواجہ حسن نظامی

(2) راجہ رام موہن رائے

(3) سرسید احمد خاں

(4) محسن الملک

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

32. غالب نے سرسید کے کس تصحیح وتدوین کے کام کو ''مردہ پروردن'' سے تعبیر کیا ہے؟

(1) تاریخ فیروز شاہی

(2) تاریخ بجنور

(3) آثار الصنادید

(4) آئینِ اکبری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

33. بہادر شاہ ظفر کا اعلانِ آزادی ذیل میں سے کس اخبار میں شائع ہوا؟

(1) مفید عام اخبار آگرہ

(2) پیامِ آزادی

(3) علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ

(4) خیر خواہِ عالم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

34. سراج الاخبار کس کی ایما پر شائع ہونا شروع ہوا؟

(1) سراج اورنگ آبادی

(2) غالب

(3) بہادر شاہ ظفر

(4) سرسید احمد خاں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

35. 1857ء کی جنت چھڑنے کے بعد 'عمدۃ الاخبار' (بریلی) نے ذیل میں سے کس کی حمایت کی؟

(1) خان بہادر خان

(2) انگریزی فوج

(3) انگریز گورنر

(4) لارڈ کیننگ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

36. شہر آشوب ''فغانِ دہلی'' کس کی تخلیق ہے؟

(1) مفتی صدرالدین آزردہ

(2) بہادر شاہ ظفر

(3) محمد علی تشنہ

(4) داغ دہلوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

37. ذیل میں سے 'اودھ اخبار' کس کی ادارت میں شائع ہوتا تھا؟

(1) منشی جوالا پرشاد (2) منشی نول کشور

(3) منشی گمانی لال (4) منشی سجاد حسین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

38. 'صادق الاخبار' کہاں سے نکلتا تھا؟

(1) دہلی (2) لکھنؤ

(3) کلکتہ (4) لاہور

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

39. غالب کی کس کتاب کی بنیاد پر ان پر انگریز دوستی کا الزام عائد کیا گیا؟

(1) دستنبو (2) درخش کاویانی

(3) مہر نیم روز (4) قاطع برہان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

40. تذکرہ دہلی مرحوم کا اے دوست نہ چھیڑ
نہ سنا جائے گا ہم سے یہ فسانہ ہرگز

مذکورہ بالا شعر کے خالق کون ہیں؟

(1) الطاف حسین حالی (2) غالب

(3) اکبرالٰہ آبادی (4) شیفتہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

41. شوق ہوا بے حجاب ختم ہوا دورِ خواب
آ گیا روزِ حساب قوم کا چمکا شباب
زندہ باد انقلاب زندہ باد انقلاب

مندرجہ بالا اشعار کس کی تخلیق ہیں؟

(1) جگن ناتھ آزادؔ

(2) برج نرائن چکبستؔ

(3) رگھوپتی سہائے فراقؔ گورکھپوری

(4) آنند نراین ملاؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

42. 'فغانِ دہلی' از تفضل حسین خاں کوکب کس موضوع پر لکھی گئی؟

(1) دہلی کی تاریخ سے متعلق تاریخی قطعات

(2) دہلی کے بادشاہوں پر لکھے گئے قصیدوں

(3) دہلی سلطنت کی شکست وریخت سے متعلق نظمیات

(4) انگریزی حکومت کی شان میں لکھے گئے قصائد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

43. غزالاں تم تو واقف ہو کہو مجنوں کے مرنے کی
دوانہ مر گیا آخر کو ویرانے پہ کیا گزری
یہ شعر کس کا ہے؟
(1) رام پرشاد بسملؔ (2) برج نرائن چکبستؔ
(3) دیا شنکر نسیمؔ (4) رام نرائن موزوںؔ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

44. نظم 'وطن سے خطاب' کے خالق کا کیا نام ہے؟
(1) روشن صدیقی (2) وحید الدین سلیم
(3) چکبست (4) تلوک چند محروم
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

45. غضب ہے بخت بد ایسے ہمارے ہو جائیں
کہ ہیں جو لعل و گہر، سنگ پارے ہو جائیں
جو دانے چاہیں تو خرمن شرارے ہو جائیں
جو پانی مانگیں تو دریا کنارے ہو جائیں
پییں جو آبِ بقا بھی تو زہر ہو جائے
جو چاہیں رحمتِ باری تو قہر ہو جائے
یہ بند کس شاعر کا ہے؟
(1) داغؔ دہلوی (2) میر مہدی مجروحؔ
(3) ظہیرؔ دہلوی (4) مرزا غالب
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

46. ہمیں ذوق اسیری چھوڑتا ہے کب گلستاں میں
قفس میں جب تک اے صیاد کوئی خانہ خالی ہے
کچھ بھی وہاں نہ خنجر قاتل کا بس چلا
روح شہید رہتی ہے نعش و کفن سے دور
مندرجہ بالا اشاعر کس مجاہد آزادی کے ہیں؟
(1) مولانا شوکت علی
(2) مولانا محمد علی جوہر
(3) حسرت موہانی
(4) تلوک چند محروم
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

47. "گاندھی نامہ" کس کی نظم ہے؟
(1) فیض احمد فیض (2) مجروح سلطان پوری
(3) اکبر الٰہ آبادی (4) مجاز
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

48. 'آوازۂ قوم' کس کی نظم ہے؟
(1) جوش ملیح آبادی
(2) پنڈت برج نرائن چکبست
(3) حسرت موہانی
(4) مولانا محمد علی جوہر
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**49.** کیا ہند کا زنداں کانپ رہا ہے گونج رہی ہیں تکبیریں

اکتائے ہیں شاید کچھ قیدی اور توڑ رہے ہیں زنجیریں

درج بالا شعر کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(1) صبحِ آزادی

(2) لمحۂ آزادی

(3) شکستِ زنداں کا خواب

(4) نغمۂ قفس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**50.** اٹھو ہند کے باغبانو اٹھو

اٹھو انقلابی جوانو اٹھو

کسانوں اٹھو کامگارو اٹھو

نئی زندگی کے شرارو اٹھو

درج بالا اشعار کے خالق کون ہیں؟

(1) کیفی اعظمی (2) اختر الایمان

(3) اقبال (4) علی سردار جعفری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**51.** 'سپاہی' نظم کس شاعر کی ہے؟

(1) وامق جون پوری (2) مخدوم محی الدین

(3) علی سردار جعفری (4) کیفی اعظمی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**52.** "ادب اور زندگی" کس کا مضمون ہے؟

(1) سجاد حسین

(2) ڈاکٹر دین محمد تاثیر

(3) احتشام حسین

(4) اختر حسین رائے پوری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**53.** ترقی پسند تحریک کی دوسری کل ہند کانفرنس کی صدارت کس نے کی؟

(1) عبدالعلیم

(2) سجاد ظہیر

(3) ملک راج آنند

(4) جیوتی گھوش

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**54.** ترقی پسند تحریک کی کس کانفرنس میں مولوی عبدالحق نے اپنا صدارتی خطبہ لکھ کر بھیجا؟

(1) لکھنؤ کانفرنس 1936

(2) الٰہ آباد کانفرنس 1937

(3) کلکتہ کانفرنس 1938

(4) بھمیڑی کانفرنس 1949

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

55. تقسیم ہند کے بعد ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس ہندوستان میں کب منعقد ہوئی؟

(1) اگست 1947 (2) اکتوبر 1947

(3) نومبر 1947 (4) دسمبر 1947

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

56. 1945 کی ترقی پسند تحریک کانفرنس میں فحاشی کے خلاف قرارداد کی مخالفت کس نے کی تھی؟

(1) احتشام حسین

(2) قاضی عبدالغفار

(3) کرشن چندر

(4) راجندر سنگھ بیدی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

57. رپورتاژ "پودے" کرشن چندر نے ترقی پسند تحریک کی کس کانفرنس کے حوالے سے تحریر کیا تھا؟

(1) حیدرآباد، 1945

(2) کلکتہ، 1938

(3) بھمیڑی، 1949

(4) لکھنؤ، 1936

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

58. جولائی 1935ء میں کلچر کے تحفظ کے لئے ترقی پسند خیالات رکھنے والے تمام دنیا کے ادیبوں کی میٹنگ کس شہر میں ہوئی تھی؟

(1) برمنگھم (2) پیرس

(3) جرمنی (4) لندن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

59. 'انگارے' میں جن ادیبوں کی تخلیقات شامل ہیں اُن میں سے دو ادیب کون سے ہیں؟

(1) سجاد ظہیر اور احمد علی

(2) قرۃ العین حیدر اور عصمت چغتائی

(3) اپندر ناتھ اشک اور اختر اورینوی

(4) اختر انصاری اور راجندر سنگھ بیدی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

60. "مشعل جاں" کس ترقی پسند شاعر کا مجموعہ ہے؟

(1) مجاز

(2) علی سردار جعفری

(3) مجروح سلطان پوری

(4) فیض احمد فیض

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

61. میر امن کی 'باغ و بہار' کا پہلا اور بنیادی ماخذ کون سی کتاب ہے؟

(1) میر محمد حسین عطا خاں تحسین کی نو طرزِ مرصع
(2) شیر علی افسوس کی آرائشِ محفل
(3) حیدر بخش حیدری کی گلزارِ دانش
(4) میر بہادر علی حسینی کی نثرِ بے نظیر
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

62. 'بہزاد خاں' کا کردار 'باغ و بہار' کے کس درویش کے قصے میں آیا ہے؟

(1) سیر دوسرے درویش کی
(2) سیر چوتھے درویش کی
(3) سیر پہلے درویش کی
(4) سیر تیسرے درویش کی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

63. ابھی نہ چھیڑ محبت کے گیت اے مُطرب
ابھی حیات کا ماحول خوش گوار نہیں

یہ شعر کس شاعر کے کس شعری مجموعے کے سرنامے پر لکھا ہوا ہے؟

(1) نقش فریادی، فیض احمد فیضؔ
(2) نئی دنیا کو سلام، علی سردار جعفری
(3) آہنگ، اسرار الحق مجازؔ
(4) تلخیاں، ساحرؔ لدھیانوی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

64. ''باغ و بہار'' میں فرنگ کی ملکہ کو کس کے ساتھ منسوب کیا گیا ہے؟

(1) یمن کے شہزادے کے ساتھ
(2) عجم کے شہزادے کے ساتھ
(3) کوہ قاف کے شہزادے کے ساتھ
(4) یورپ کے شہزادے کے ساتھ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

65. ''باغ و بہار'' کے آخر میں جو قطعہ تاریخ شامل ہے، اس کے آخری شعر میں یہ تخلّص کس کا ہے؟

تو کونین میں لطفؔ پر لطف رکھ
خدایا بہ حق رسولِ کبار

ذیل میں یہ لطف تخلص کس کا ہے؟

(1) مرزا علی لطف (2) مرزا محمد رفیع سوداؔ
(3) میر امّن (4) مصحفی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

66. کس درویش نے ''اِصفہان کو نصف جہان'' قرار دیا ہے؟

(1) پہلے درویش
(2) دوسرے درویش
(3) تیسرے درویش
(4) چوتھے درویش
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

67. 'علی الخصوص مردِ تماش بین کے واسطے یہ شہر خرّاد ہے، ہر فن کا یہاں استاد ہے۔ سیکڑوں گھامڑ، بد گل، کندۂ ناتراش، زعمِ باطل میں عیّاش؛اطراف وجوانب سے آ، ہفتے عشرے میں چھل چھلا وضع دار ہو گئے۔ گومتی میں غوطہ لگایا، دیہاتی پن کے دھبے دھو گئے، آدمی ہو گئے۔' 'فسانۂ عجائب' کا یہ اقتباس کس شہر سے متعلق ہے؟

(1) دہلی (2) رام پور

(3) لکھنؤ (4) کانپور

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

68. تمام قلم رو، نقد و جنس، اشیائے بحری و برّی، ان کے تحت حکومت قبضہ تعرف میں آیا۔ گز، سکّے پر نام جاری ہوا۔ منادی نے ندا دی دہائی پھر گئی کہ جو ظلم و جور کا بانی ہوگا ..... گردن مارا جائے گا، سزا پائے گا۔

(1) داستان امیر حمزہ (2) باغ و بہار

(3) عجائب القصیص (4) فسانۂ عجائب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

69. 'فسانۂ عجائب' میں توتے نے جانِ عالم کو یہاں سے برس دن کی راہ، شمال میں جس ملک کی شہزادی کا حال سنایا اس کا کیا نام ہے؟

(1) ماہ طلعت (2) خورشید آرا

(3) انجمن آرا (4) زہرہ جبیں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

70. توڑ کر خُم اور پٹک کر آج پیمانے کو ہم
سوئے مسجد جاتے ہیں، زاہد کے بہکانے کو ہم
درج بالا مطلع کی مکمل غزل کس داستان میں شامل ہے؟

(1) بوستان خیال (2) فسانۂ عجائب

(3) باغ و بہار (4) قصہ میر افروز دلبر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

71. 'گؤدان' کے کردار 'ہوری' کی بیوی کا نام کیا ہے؟

(1) دھنیا (2) جھنیا

(3) سونا (4) روپا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

72. 'امراؤ جان ادا' ناول کے کردار 'خورشید جان' کو اغوا کس نے کرایا تھا؟

(1) راجا دھیان سنگھ نے (2) نواب سلطان نے

(3) راشد علی نے (4) فیض علی نے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

73. داستان 'فسانۂ عجائب' کس کی فرمائش پر لکھی گئی؟

(1) حکیم اسد علی

(2) واجد علی شاہ

(3) نواب غازی الدین حیدر

(4) سالار جنگ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

74. امراؤجان ادا کے والد کس کے مقبرے پر نوکر تھے؟

(1) بہو بیگم کا مقبرہ

(2) میر نجابت علی کا مقبرہ

(3) اچھی بیگم کا مقبرہ

(4) صندلی کا مقبرہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

75. 'توبۃ النصوح' میں نصوح کی ملاقات خواب میں کس سے ہوئی تھی؟

(1) اپنے بھائی سے

(2) اپنے والد سے

(3) اپنے بیٹے سے

(4) اپنی بیوی سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

76. 'توبۃ النصوح' کی دوسری فصل میں نصوح اور فہمیدہ کے درمیان کیا طے پاتا ہے؟

(1) ہم اپنے بچوں کو ان کے حال پر چھوڑ دیں گے

(2) فہمیدہ (بیوی) لڑکوں کی اصلاح کریں گی

(3) نصوح لڑکیوں کی اصلاح کریں گے

(4) نصوح (شوہر) لڑکوں کی اصلاح کریں گے اور فہمیدہ (بیوی) لڑکیوں کی اصلاح کریں گی۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

77. ''گورا رنگ، بڑی بڑی مونچھیں، اونچا قد، چوڑا سینہ، آنکھوں میں بے خوفی کا جنون بھرا ہوا، ڈھیلا لمبا کرتا، پیروں میں شلوار، زردوزی کے کام کی صدری، سر پر پگڑی اور کلاہ''۔
ناول گؤدان میں درج بالا الفاظ میں کس کا حلیہ بیان کیا گیا ہے؟

(1) رائے صاحب کا (2) ایڈیٹر کا

(3) حاکم صاحب کا (4) ایک افغان کا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

78. 'بسم اللہ جان' کس کی بیٹی ہے؟

(1) بوا حسینی کی (2) خانم کی

(3) امراؤجان کی (4) نواب سلطان کی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

79. مرنے کے دن قریب ہیں شاید کہ اے حیات
تجھ سے طبیعت اپنی بہت سیر ہو گئی
درج بالا شعر پر کس ناول کا اختتام ہوتا ہے؟

(1) توبۃ النصوح کا (2) گؤدان کا

(3) امراؤجان ادا کا (4) ٹیڑھی لکیر کا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

80. توبۃ النصوح میں نصوح نے خواب میں کہاں کا منظر دیکھا تھا؟

(1) اسکول میں تعلیم و تعلم کا

(2) قید خانے میں سزا کا

(3) یوم قیامت یعنی روز جزا کا

(4) باپ سے لڑائی جھگڑے کا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.81 منٹو کے افسانے 'کھول دو' کے کردار ہیں

(1) سراج الدین اور سکینہ

(2) علیم الدین اور قرینہ

(3) نعیم الدین اور حسینہ

(4) فہیم الدین اور نگینہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.82 مندرجہ ذیل میں سے کون سا افسانہ پریم چند کے افسانوی مجموعے 'واردات' میں شامل ہے؟

(1) دنیا کا سب سے انمول رتن

(2) بڑے گھر کی بیٹی

(3) نئی بیوی

(4) اماوس کی رات

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.83 افسانہ 'معصوم بچہ' میں گنگو نے کس سے شادی کی تھی؟

(1) مالا دیوی سے (2) رادھا سے

(3) گومتی سے (4) پھول متی سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.84 ذیل میں 'امراؤ جان ادا' ناول کا کون سا کردار ہے؟

(1) چورامل (2) رام مل

(3) بھورامل (4) پنّامل

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.85 افسانہ 'کالی شلوار' کی 'سلطانہ' دہلی کس کے ساتھ آئی تھی؟

(1) خدا بخش کے ساتھ (2) پیر بخش کے ساتھ

(3) الٰہی بخش کے ساتھ (4) شنکر کے ساتھ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.86 "دو روحوں کا سمٹ کر ایک ہو جانا، اور ایک ہو کر والہانہ وسعت اختیار کر جانا... کیا یہ سب شاعری ہے؟..... نہیں، دو روحیں سمٹ کر ضرور اُس ننھے نکتے پر پہنچتی ہیں جو پھیل کر کائنات بنتا ہے"۔ یہ عبارت منٹو کے کس افسانے سے ماخوذ ہے؟

(1) سڑک کے کنارے (2) ہتک

(3) کھول دو (4) جانکی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.87 سعادت حسن منٹو کا افسانہ 'نیا قانون' کس ایکٹ سے متعلق ہے؟

(1) 1909ء کے ایکٹ سے

(2) 1919ء کے ایکٹ سے

(3) 1937ء کے ایکٹ سے

(4) 1947ء کے ایکٹ سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.88 'مولی' فوج میں بھرتی ہونے سے پہلے کہاں وکالت کرتا تھا؟

(1) نیویارک میں (2) مونٹریال میں

(3) لندن میں (4) پیرس میں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.89 ناول امراؤجان ادامیں نواب صاحب نے کسے گولی ماری تھی؟

(1) پنڈت جی کو (2) نوکر کو

(3) ڈاکو کو (4) خاں صاحب کو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.90 کس مشہور و مستشرق نے 1846ء میں باغ و بہار کو لندن سے شائع کیا تھا؟

(1) ڈنکن فوربس

(2) چارلس مٹکاف

(3) جوزف ٹیلر

(4) گارساں دتاسی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.91 'جہاں محبت نہیں ہوتی ہے ہجور وہاں کوئی عورت نہیں رہ سکتی۔ عورت کھالی روٹی کپڑا تو نہیں چاہتی ہے۔ کچھ محبت بھی تو چاہتی ہے'۔ یہ جملے 'واردات' کے کس افسانے میں کس کردار کی زبان سے ادا ہوئے ہیں؟

(1) شکوہ شکایت، گھورے

(2) بدنصیب ماں، پھول متی

(3) معصوم بچہ، گنگو

(4) شانتی، گوپا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.92 'گلشنِ امید کی بہار' مضمن کس نے لکھا ہے؟

(1) مرزا غالب (2) سرسید

(3) محمد حسین آزاد (4) مولوی عبدالحق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.93 ذیل میں دیا گیا نثری اقتباس نیرنگ خیال کے کس مضمون سے لیا گیا ہے؟

"یہ کہنا بہت مشکل ہے کہ وہ کیا شئے ہے۔البتہ یہ کہنا آسان ہے کہ وہ کیا شئے نہیں ہے۔ میں اگر اس کی نسبت کچھ خیالات بیان کروں تو افلاطوں حکیم الٰہی کی طرح کنایہ اور استعارہ سے بیان کروں"۔

(1) بقائے دوام (2) مرقع خوش بیانی

(3) خوش طبعی (4) جنت الحمقا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.94 مندرجہ ذیل میں سے کون سا مضمون محمد حسین آزاد کی تصنیف 'نیرنگ خیال' میں شامل ہے؟

(1) امید کی خوشی

(2) تعلیم و تربیت

(3) شہرتِ عام اور بقائے دوام کا دربار

(4) خوشامد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**95.** 'سرسید نے ادب اور معقولات پر جس حد تک مجتہدانہ رنگ چڑھایا، دراصل ان کی اولیّات میں داخل ہونے کے لایق ہے۔ یہ اُنھیں کے قلم کی آوازِ بازگشت ہے جو ملک میں بڑے بڑے مصنف کے لیے دلیل راہ بنی'۔ سرسید سے متعلق یہ بیان کس کا ہے؟

(1) الطاف حسین حالی (2) شبلی نعمانی

(3) مہدی افادی (4) نذیر احمد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**96.** مہدی افادی نے شبلی کے علاوہ اور کس مصنف سے گہرے اثرات قبول کیے؟

(1) مرزا غالب (2) سرسید

(3) میر ناصر علی (4) مولوی عبدالحق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**97.** مہدی افادی کا پورا نام کیا تھا؟

(1) شیخ مہدی احمد (2) شیخ مہدی حسین

(3) شیخ مہدی علی (4) شیخ مہدی حسن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**98.** نیرنگ خیال کے مصنف محمد حسین آزاد نے کس بیماری کی وجہ سے پنشن لے لی تھی؟

(1) جنون (2) برص

(3) جذام (4) ہیضہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**99.** مہدی افادی کی نظر میں اردو سا کم سواد لٹریچر کن ادیبوں کی وجہ سے آشنائے فلسفہ و ادب ہو گیا؟ درست زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(1) سرسید، پروفیسر آزاد، نذیر احمد، حالی و شبلی

(2) پروفیسر آزاد، ابوالکلام آزاد، نذیر، حالی و شبلی

(3) نذیر احمد، حالی و شبلی، ذکاءاللہ، عبدالحلیم شرر

(4) ولی، میر، سودا، مومن و غالب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**100.** 'اپنے پوشیدہ عیبوں کو معلوم کرنے کا ایک عمدہ قاعدہ یہ ہے کہ ہم اِس بات پر غور کریں کہ ہمارے دشمن ہم کو کیا کہتے ہیں۔ ہمارے دوست اکثر ہمارے دل کے موافق ہماری تعریف کرتے ہیں'۔ یہ بات سرسید نے اپنے کس مضمون میں لکھی ہے؟

(1) تعصب (2) بحث و تکرار

(3) ریا (4) مخالفت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**101.** مہدی افادی نے مضمون 'فلسفۂ حسن و عشق' کس نقطۂ خیال سے لکھا ہے؟

(1) مصریوں کے نقطۂ خیال سے

(2) یونانیوں کے نقطۂ خیال سے

(3) ہندوستانیوں کے نقطۂ خیال سے

(4) چینیوں کے نقطۂ خیال سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

102. ذیل میں دیے گئے مضامین میں سے سرسید کا کون سا مضمون ہے؟

(1) احتساب
(2) تعصب
(3) خود سے مدد کرنا
(4) عجم کا بادشاہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

103. سرسید نے اپنے مضمون 'اخلاق' کا آغاز کس کے قول سے کیا ہے؟

(1) مسٹر آئنسٹائن
(2) مسٹر اڈیسن
(3) مسٹر الگزینڈر
(4) مسٹر نیکولائیٹس
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

104. غالب کے آباء واجداد کا تعلق کس نسل سے تھا؟

(1) ایبک قوم کے ترک
(2) افغانی پٹھان
(3) بنو سعد
(4) ازبیک نسل
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

105. پروفیسر آل احمد سرور کے 'انتخاب مضامین سرسید' میں سرسید کے کتنے مضامین شامل ہیں؟

(1) 15
(2) 17
(3) 18
(4) 20
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

106. حالؔی نے اپنی تصنیف 'یادگار غالب' کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے؟

(1) تین
(2) چار
(3) دو
(4) پانچ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

107. غالب کے بھائی کا کیا نام تھا؟

(1) مرزا حسین خاں
(2) مرزا احمد بیگ
(3) مرزا نصراللہ خاں
(4) مرزا یوسف خاں
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

108. مولانا ابوالکلام آزاد کے خطوط کا مجموعہ 'غبارِ خاطر' کا نام کس کے رسالے سے شعار ہے؟

(1) میر عظمت اللہ
(2) مولوی غلام علی
(3) سراج الدین علی خاں آرزو
(4) آنندرام مخلص
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

109. 'سفر کلکتہ' کا ذکر "یادگار غالب" کے کس حصے میں شامل ہے؟

(1) پہلا حصہ
(2) دوسرا حصہ
(3) تیسرا حصہ
(4) چوتھا حصہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**110.** مولانا ابوالکلام آزاد کی بیوی کا نام کیا تھا؟

(1) حمیدہ بیگم

(2) زلیخا بیگم

(3) خدیجہ بیگم

(4) رقیہ بیگم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**111.** ابوالکلام آزاد نے خط ''چڑیا چڑے کی کہانی'' کب لکھا؟

(1) 17 اپریل 1943ء

(2) 17 مارچ 1943ء

(3) 17 مئی 1943ء

(4) 17 فروری 1943ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**112.** مندرجہ ذیل عنوانات میں سے مولانا ابوالکلام آزاد کا خط کون سا ہے؟ نشاندہی کیجئے۔

(1) داستانِ شیریں و فرہاد

(2) داستانِ کوہ کن

(3) داستانِ شیریں

(4) داستانِ بے ستون و کوہ کن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**113.** 'آمد میں آورد' کس کا مضمون ہے؟

(1) سرسید احمد خاں (2) حالی

(3) ذکاء اللہ (4) رشید احمد صدیقی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**114.** رشید احمد صدیقی کے مضمون ''گواہ'' میں لالہ چرنجی کیا تھا؟

(1) گاؤں کا پٹواری

(2) گاؤں کا دھوبی

(3) گاؤں کا مکھیا

(4) گاؤں کا کسان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**115.** 'مرشد کا مقولہ ہے اور میرا تجربہ کے اگر انسان کو بدترین دُشمن کی تلاش ہو تو اُس کو اپنے عزیزوں میں مل جائیں گے اور بہترین دوست کی ضرورت ہو تو غیروں کا جائزہ لینا چاہیے، یعنی عزیزوں سے زیادہ دُشمن اور غیروں سے زیادہ دوست نہیں ہوتے۔ اِس پر ایک دوست نے فرمایا دوست اور دشمن دونوں کی بدترین مثال یونیورسٹی میں مل جائے گی'۔ یہ بات رشید احمد صدیقی نے اپنے کس مضمون میں لکھی ہے؟

(1) کچھ کا کچھ (2) مثلث

(3) مرشد (4) مغالطہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

116. 'مضامین رشید' کا پہلا مضمون کون سا ہے؟

(1) ماتا بدل

(2) شیطان کی آنت

(3) گھاگھ

(4) مرشد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

117. مشتاق احمد یوسفی کی کتاب 'آبِ گم' پہلی بار کب شائع ہوئی؟

(1) 1991ء

(2) 1990ء

(3) 1987ء

(4) 1992ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

118. اپنے کس مضمون میں رشید احمد صدیقی نے عشاق اور انگریزوں کو الگ الگ قوم اور تعزیرات ہند سے نہ ڈرنے والا بتایا ہے؟

(1) مثلث

(2) حاجی صاحب

(3) گواہ

(4) کچھ کا کچھ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

119. ذیل میں سے کون سی تحریر مشتاق احمد یوسفی کی تصنیف "آبِ گم" میں شامل ہے؟

(1) حویلی

(2) پروفیسر کا خواب

(3) مہاراج گنج کا مشاعرہ

(4) الادین کا چراغ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

120. دھیرج گنج کی بستی مشتاق احمد یوسفی کے مطابق کن دو شہروں کے درمیان تھی؟

(1) جے پور اور ٹونک

(2) دہلی اور آگرہ

(3) آگرہ اور بھرت پور

(4) کانپور اور لکھنؤ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

121. مشتاق احمد یوسفی کی کتاب "آبِ گم" کا "پس و پیش لفظ" کس عنوان کے ساتھ کتاب میں شامل ہے؟

(1) پہلا پتھر

(2) خاکم بدہن

(3) گذاشتیم

(4) غنودیم، غنودیم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

122. ارسطو نے ڈرامے کے لئے کن اجزا کو ضروری قرار دیا ہے ؟

(1) قصہ، محبت اور نفرت

(2) کردار، بہادری خوف اور حیرت

(3) مرکزی خیال، غم اور ظرافت

(4) قصہ، کردار، مرکزی خیال، مکالمہ، موسیقی اور اسٹیج کی آرائش

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

123. ڈرامہ آگرہ بازار میں کس شاعر کو مرکز میں رکھا گیا ہے ؟

(1) مرزا غالب (2) میر تقی میر

(3) نظیر اکبر آبادی (4) داغ دہلوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

124. ''سب رس'' کہاں لکھی گئی ؟

(1) بیجاپور (2) گولکنڈہ

(3) گجرات (4) تغلق آباد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

125. ناول ''آگ کا دریا'' پہلی بار کب شائع ہوا؟

(1) 1956ء (2) 1959ء

(3) 1960ء (4) 1962ء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

126. کالی داس کے سنسکرت ڈرامے کی کتاب 'ابھگیان شاکُنتلَم' کا اردو ترجمہ 'شکنتلا' کے نام سے کس نے کیا؟

(1) مرزا کاظم علی جوان

(2) مظہر علی خاں ولا

(3) نہال چند لاہوری

(4) حیدر بخش حیدر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

127. 'کس صنف میں زندگی کے کسی ایک رخ سے اور کردار کے کسی ایک پہلو سے سروکار ہوتا ہے'۔ یہ بات مندرجہ ذیل میں سے کس صنف کے لیے کہی گئی ہے ؟

(1) ناول (2) داستان

(3) افسانہ (4) ڈرامہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

128. وجہی نے ''عاشق صاحب نظر، دل کے خطرے تے باخبر، صورت میں یوسف، حکمت میں افلاطون شاگرد، نیم دھرم اور ست کے صاحب، کلیم بیاں اور مسیحا دم'' جیسی صفات کس کے لئے استعمال کی ہیں ؟

(1) سلطان عبداللہ قطب شاہ

(2) ابراہیم قلی قطب شاہ

(3) محمد قلی قطب شاہ

(4) ابوالحسن قطب شاہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

129. 'طلسمِ ہوش ربا' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(1) سفر نامہ (2) خاکہ

(3) انشائیہ (4) داستان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

130. 'ناول زمانۂ موجود کی تاریخ ہے اور اُس عہد کی کامل ترین تصویر ہے جس میں ہم زندگی بسر کر رہے ہیں'۔ ناول سے متعلق یہ بیان کس کا ہے؟

(1) پروفیسر ڈھارٹن (2) کلارا یوز

(3) مسٹر مور (4) جارج سینٹس بری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

131. ذیل میں سے کون مضمون نگار کی حیثیت سے معروف ہیں؟

(1) رتن ناتھ سرشار (2) سر سید احمد خاں

(3) مرزا غالب (4) یگانہ چنگیزی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

132. 'یہ ایک طویل قصہ ہوتا ہے جس میں اکثر فوقِ فطرت عناصر سے کام لیا جاتا ہے'۔ یہ بیان کس صنف سے متعلق ہے؟

(1) افسانہ (2) ناول

(3) داستان (4) ڈرامہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

133. 'منشورات' کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

(1) پریم چند

(2) پنڈت برج نرائن چکبست

(3) برج موہن دتاتریہ کیفی

(4) مہدی حسن افادی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

134. علامہ شبلی نعمانی نے حالی کی کس کتاب کو مدلل مداحی اور 'کتاب المناقب' کہا ہے؟

(1) یادگارِ غالب

(2) حیاتِ سعدی

(3) حیاتِ جاوید

(4) مقدمۂ شعر و شاعری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

135. "وہ اردو کے پہلے مصنف ہیں جنہوں نے مغربی ادبیات سے متاثر ہو کر اُن کی جاندار روایات اور توانا ادبی قدروں کو اپنا بنانے اور اُنہیں اردو زبان میں منتقل کرنے کی کوشش کی"۔ یہ قول کس پر صادق آتا ہے؟

(1) مرزا غالب (2) غلام غوث بے خبر

(3) ماسٹر رام چندر (4) غلام امام شہید

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

136. ذیل میں کون سا انشائیوں کا مجموعہ ہے؟

(1) روشنائی (2) اندازے

(3) گنجے فرشتے (4) خیال پارے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

137. 'کلیاتِ مکاتیبِ اقبال' کے مرتب کون ہیں؟

(1) جمیل جالبی

(2) مالک رام

(3) رشید حسن خاں

(4) سید مظفر حسین برنی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

138. 'طبقات الشعراء' کس کی تصنیف ہے؟

(1) میر حسن (2) قدرت اللہ شوق

(3) قائم چاندپوری (4) مصحفی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

139. 'اقبالِ کامل' کس کی تصنیف ہے؟

(1) سید سلیمان ندوی

(2) ابوالحسن علی میاں ندوی

(3) عبدالسلام ندوی

(4) اکرم اللہ ندوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

140. رشید احمد صدیقی کا خاکہ ''کندن'' ان کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(1) ہم نفسانِ رفتہ

(2) گنجہائے گرانمایہ

(3) ہمارے ذاکر صاحب

(4) مضامین رشید

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

141. ''ترقی پسندی نے نئے افسانے کو نفسیات اور خاص کر جنس کی نفسیات کا ترجمان بننا سکھایا''۔

مندرجہ بالا قول کس کا ہے؟

(1) احسن فاروقی (2) سجاد ظہیر

(3) پریم چند (4) وقار عظیم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

142. 'اِس میں کوئی ادیب اپنے جذبات و خیالات کو کسی حد بندی کے بغیر من مانے طور پر سپردِ قلم کرتا جاتا ہے۔ اِس کا انداز ادبی اور نقطۂ نظر خالص شخصی ہوتا ہے، اِس میں علمی سنجیدگی کی ثقافت نہیں ہوتی'۔ یہ بیان کس صنف سے متعلق ہے؟

(1) خاکہ (2) سوانح

(3) انشائیہ (4) تحقیقی مقالہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

143. ’سوانح مولانا روم‘ کا مصنف کون ہے؟

(1) محمد حسین آزاد (2) علامہ شبلی

(3) الطاف حسین حالی (4) مولوی چراغ علی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

144. ”اردو کی آخری کتاب“ کس کا مضمون ہے؟

(1) کنہیالال کپور (2) شفیق الرحمٰن

(3) پطرس بخاری (4) مجتبیٰ حسین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

145. مولانا ابوالکلام آزاد نے ’غبار خاطر‘ کے بیشتر خطوط کہاں سے لکھے؟

(1) قلعۂ احمد نگر

(2) لال قلعہ

(3) قلعۂ میسور

(4) قلعۂ آگرہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

146. ڈراما کس لفظ سے مشتق ہے؟

(1) ڈراؤن (2) ڈراؤ

(3) ڈارڈن (4) ڈریم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

147. ’گنج ہائے گراں مایہ‘ کس کی تصنیف ہے؟

(1) مولوی عبدالحق (2) رشید احمد صدیقی

(3) فرحت اللہ بیگ (4) سعادت حسن منٹو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

148. قائم چاند پوری نے مختلف ادوار کی ادبی و لسانی روایتوں کے فرق کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اپنے تذکرے ’مخزنِ نکات‘ کو کتنے طبقات میں تقسیم کیا ہے؟

(1) دو (2) تین

(3) چار (4) پانچ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

149. ’معدن الفوائد‘ کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(1) غلام غوث بے خبر

(2) مرزا قتیل

(3) رجب علی بیگ سرور

(4) واجد علی شاہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

150. ”حیاتِ جاوید“ کے پہلے ایڈیشن کا سالِ اشاعت کیا ہے؟

(1) 1900 (2) 1901

(3) 1903 (4) 1905

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

रफ कार्य के लिए स्थान / SPACE FOR ROUGH WORK